Total No. of Printed Pages—10

**X/14/Ur**

**2 0 1 4**

**URDU**

( INDIAN LANGUAGE )

*Full Marks* : 100

*Time* : 3 hours

*The figures in the margin indicate full marks for the questions*

*Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable*

ہدایات :

(*i*) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(*ii*) ہر سوال کو غور سے پڑھ کر سمجھئے اور حتی المقدور اپنے الفاظ میں جواب لکھنے کی کوشش کیجئے۔

(*iii*) سوالات کے لئے مارکس بائیں حاشئے پر درج ہیں۔

(*iv*) تحریر کی صفائی کا خاص خیال رکھئے۔

(*v*) بے محل اور غیر موزوں جواب ہرگز نہ دیجئے۔

## SECTION—I

-1 مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی تین کے جواب دیجئے : 3×3=9

(a) ' بسم اللہ ' کی تقریب سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ سرسید کی بسم اللہ کی تقریب کس طرح اختتام پذیر ہوئی؟ 1+2

(b) کیلاش کون تھا؟ اس نے ایسا کیا کہا جسے سن کر رجنی پر بجلی سی گر پڑی؟ 1+2

(c) استاد منگو کون تھا؟ اس کی انگریزوں سے نفرت کے اسباب کیا تھے؟ 1+2

(d) ماحول سے کیا مراد ہے؟ ہمیں اپنے ماحول کو بچانے کے لئے کیا کیا اقدامات کرنے چاہئیں؟ 1+2

(e) '' انسان پر بہ نسبت نیکی کے بدی کا اثر جلد پڑتا ہے''۔ ایسا کیوں ہوتا ہے؟ واضح کیجئے۔ 1+2

-2 مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب لکھئے : 5

(a) محمد مجیب کی تحریر شدہ ڈراما ' آزمائش ' کی کہانی کا خلاصہ اپنی سلیس زبان میں لکھئے۔

(b) مضمون ' مخلوط زبان ' میں مولوی عبدالحق نے اردو زبان کی وسعت و ضخامت اور نزاکت و لطافت کے جو راز بتائے ہیں ، اسے اپنے الفاظ میں بیان کیجئے۔

(c) مضمون ' عورتوں کے حقوق ' میں سرسید احمد خاں نے مذہب اسلام کی روشنی میں جو عورتوں کے حقوق کا ذکر کیا ہے ، انہیں اپنے الفاظ میں بیان کیجئے۔

3. مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی دو کی مع حوالہ وضاحت کیجئے : 3×2=6

(a) '' اس کے سامنے سکھ سے بھری ہوئی صبح تھی اور پھر عیش و آرام سے بھرے ہوئے دن اور رات ''۔

(b) '' اس کی اصلاح کرنے کے جوش نے مجھے برباد کردیا تھا ، مگر اس کا بالکل احساس نہ تھا ''۔

(c) '' بہت بڑی خبر اور اس خبر کو اپنے اندر سے باہر نکالنے کے لئے وہ سخت بے چین تھا۔ لیکن وہاں کوئی تھا ہی نہیں ''۔

4. (a) مندرجہ ذیل سوالوں کے دیئے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چن کر لکھئے : 1×5=5

(i) سوانح ' سرسید کا بچپن ' مولانا الطاف حسین حالی کی کس کتاب سے ماخوذ ہے ؟

(الف) مد و جزر اسلام

( ب ) حیات جاوید

( ج ) حیات سعدی

(i) نئے قانون کے نفاذ کی خبر کو منگو کوچوان نے سب سے پہلے کس کو سنایا؟

(الف) دینو حلوائی کو

( ب ) دھرما چودھری کو

( ج ) نتھو گنجا کو

(ii) '' تو نے کل کیوں نہیں بتلایا کہ تیرے ساتھ اتنی بڑی فوج ہے ، سب کو میں کہاں رکھ سکتا ہوں؟'' یہ جملہ کس نے کہا تھا؟

(الف) کیلاش نے

( ب ) منگو استاد نے

( ج ) نندا دیوی نے

(iii) نوجوان گاندھی نے اپنے جرموں کا اعتراف نامہ کس کو دیا؟

(الف) اپنے بڑے بھائی جان کو

( ب ) اپنی امی جان کو

( ج ) اپنے ابو جان کو

(v) کس مصنف یا شاعر کو ' بابائے اردو ' کے عظیم خطاب سے نوازا گیا ہے؟

(الف) مولوی عبدالحق

( ب ) الطاف حسین حالی

( ج ) ڈاکٹر محمد اقبال

(b) مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھ کر انہیں جملوں میں استعمال کیجئے : 1×5=5

(i) اسیرِ دام

(ii) بلا تامل

(iii) سوہانِ روح

(iv) صریح امتیاز

(v) تبادلۂ خیال

5. (a) مندرجہ ذیل مصنفین / شعراء میں سے کسی ایک کا سوانحی خاکہ اس کی ادبی خدمات کے ساتھ مختصر طور پر بیان کیجئے : 5

(i) حیات اللہ انصاری

(ii) شیخ محمد ابراہیم ذوق

(b) کالم (الف) میں دیئے گئے مصنفین / شعراء کے ناموں کو کالم (ب) میں دیئے گئے ان کے تصانیف / مجموعۂ کلام کے ساتھ مربوط کیجئے : 1×5=5

| | کالم (الف) | | کالم (ب) |
|---|---|---|---|
| (i) | سعادت حسن منٹو | : | مناجاتِ بیوہ |
| (ii) | کیفی اعظمی | : | پردۂ غفلت |
| (iii) | اختر شیرانی | : | نمرود کی خدائی |
| (iv) | الطاف حسین حالی | : | پھولوں کے گیت |
| (v) | سید عابد حسین | : | آوارہ سجدے |

## SECTION—II

6 (a) ڈاکٹر محمد اقبال کی تخلیق شدہ نظم 'حقیقتِ حسن' کا خلاصہ اپنی سلیس زبان میں لکھئے۔ 5

(b) مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی تین کے جواب لکھئے : 3×3=9

(i) میر ببر علی انیس اپنی رباعی میں 'دل میں فروتنی کو جا دینے' اور 'خالی ظرف کی صدا' سے کیا سمجھانا چاہتے ہیں؟

(ii) 'کچھ دردِ حیات اور سوا ہو جائے' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(iii) ' آندھی ' کے وسیلے سے شاعر نے درحقیقت کس ماحول کی عکاسی کی ہے؟

(iv) پردیس میں وطن سے آنے والے شخص سے شاعر بے تاب ہو کر کیا کیا پوچھتا ہے ؟

(v) ' جلوۂ دربارِ دہلی ' کے چند اہم جلووں کو اپنے الفاظ میں بیان کیجئے۔

7. (a) مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی دو کی مع حوالہ تشریح کیجئے : 3×2=6

(i) گزر مرا ، ترے کوچے میں گو نہیں ، نہ سہی
مرے خیال میں تو ، لاکھ بار گزرے ہے

(ii) میں کامیاب دید بھی محروم دید بھی
جلووں کے ازدحام نے حیراں بنا دیا

(iii) نازاں نہ ہو خرد پہ جو ہونا ہے ، ہو وہی
دانش تری ، نہ کچھ مری دانشوری چلے

(b) مندرجہ ذیل مرکب الفاظ کے مفہوم (معنی) کو واضح کیجئے : 1×5=5

(i) صلح جوئی
(ii) آتشیں پرچم
(iii) تعمیری تباہی
(iv) نور افزا سیاہی
(v) مرغانِ قفس

## SECTION—III

8\. (a) اردو قواعد میں حرف سے کیا مراد ہے ؟ حرف کی کتنی قسمیں ہیں ؟ ہر ایک کی تعریف مع مثال لکھئے۔ ½+½+4=5

(b) مندرجہ ذیل سوالوں کے دیئے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چن کر لکھئے : 1×4=4

(i) '' چٹکی بھر نمک دال میں ڈال دو''۔ اس جملے میں ' چٹکی بھر ' کون سی صفت ہے؟

(الف) صفت نسبتی

(ب) صفت عددی

(ج) صفت مقداری

(ii) '' ہم بازار جا رہے تھے''۔ اس جملے میں ' ہم ' کون سا ضمیر ہے؟

(الف) ضمیر متکلم

(ب) ضمیر حاضر

(ج) ضمیر غائب

(iii) '' طلبا سبق یاد کر رہے ہیں''۔ اس جملے میں ' سبق ' کیا ہے؟

(الف) فعل

(ب) فاعل

(ج) مفعول

(iv) جو فعل آنے والے زمانے میں کیا جانے والا ہو، اسے کیا کہتے ہیں؟

(الف) فعل حال

(ب) فعل ماضی

(ج) فعل مستقبل

(c) لاحقہ ' انگیز ' لگا کر کوئی چار مرکب الفاظ لکھئے۔ 4

(d) مندرجہ ذیل الفاظ کی ضد لکھئے : 1×4=4

(i) شرافت

(ii) امانت

(iii) قدرتی

(iv) حقیقی

(e) مندرجہ ذیل الفاظ کی جمع لکھئے : 1×4=4

(i) معاملہ

(ii) مقصد

(iii) ورق

(iv) قانون

(f) مندرجہ ذیل مترادفات کو مکمل کیجئے : 1×4=4

(i) حسن و ..................

(ii) ہوش و ..................

(iii) مال و ..................

(iv) نام و ..................

(g) مندرجہ ذیل محاورات کے معنی لکھئے : 1×4=4

(i) باغ باغ ہونا

(ii) خون سفید ہونا

(iii) جان میں جان آنا

(iv) بال کی کھال نکالنا

9. مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے : 6

(a) میری زندگی کا نصب العین

(b) مطالعے کے فوائد

(c) سائنس کے فائدے اور نقصانات

★★★